This question paper contains 7 printed pages]

Your Roll No........................

1669

B.A. (Hons.)/III **D**

URDU—Paper V(*c*)

(Masnaviyat)

Time : 3 *Hours* *Maximum Marks* : 75

(*Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.*)

نوٹ : صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھئے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔
نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ درج ذیل شعری اقتباسات میں سے کوئی دو کی تشریح سیاق و
سباق کے ساتھ کیجئے:

(الف)

کئی دن جو آیا نہ وہ رشکِ ماہ

نظر میں ہوا اس کی عالم سیاہ

کئی اس پہ جب دن گئے اور بھی
بگڑنے لگے پھر تو کچھ طور بھی
دوانی سی ہر طرف پھرنے لگی
درختوں میں جا جا کے گرنے لگی
ٹھہرنے لگا جان میں اضطراب
لگی دیکھنے وحشت آلودہ خواب
تپ ہجر گھر دل میں کرنے لگی
دُر اشک سے چشم بھرنے لگی
خفا زندگانی سے ہونے لگی
بہانے سے جا جا کے سونے لگی
تپ غم کی شدت سے وہ کانپ کانپ
اکیلی لگی رونے منہ ڈھانپ ڈھانپ

نہ اگلا سا ہنسنا نہ وہ بولنا

نہ کھانا نہ پینا نہ لب کھولنا

جہاں بیٹھنا پھر نہ اٹھنا اسے

محبت میں وہ رات گھٹنا اسے

(ب)

جاگی مرغِ سحر کے غل سے

اُٹھی نگہت سی فرشِ گُل سے

منہ دھونے جو آنکھ ملتی آئی

پُر آب وہ چشمِ حوض پائی

دیکھا تو وہ گل ہوا ہوا ہے

کچھ اور ہی گُل کھلا ہوا ہے

گھبرائی کہ ہیں کدھر گیا گل

جھنجھلائی کہ کون دے گیا جُل

ہے ہے مرا پھول لے گیا کون

ہے ہے مجھے خار دے گیا کون

ہاتھ اس پہ اگر پڑا نہیں ہے

بو ہو کے تو پھول اُڑا نہیں ہے

نرگس تو دکھا کدھر گیا گل

سوسن تو بتا کدھر گیا گل

سنبل مرا زیا نہ لانا

شمشاد انہیں سولی پر چڑھایا

تھرائیں خواصیں صورتِ بید

ایک ایک سے پوچھنے لگے بھید

نرگس نے نگاہ بازیاں کیں

سوسن نے زباں درازیاں کیں

(ج)

کل جو رکھتے تھے اپنے فخر پہ تاج

آج ہیں فاتحہ کو وہ محتاج

تھے جو خودسر جہان میں مشہور

خاک میں مل گیا سب ان کا غرور

عطر مٹی کا جو نہ ملتے تھے

نہ کبھی دھوپ میں نکلتے تھے

گردشِ چرخ سے ہلاک ہوئے

استخواں تک بھی ان کے خاک ہوئے

تھے جو مشہور قیصر و فغفور

باقی ان کا نہیں نشانِ قبور

تاج میں جن کے ٹکتے تھے گوہر

ٹھوکریں کھاتے ہیں وہ کاسۂ سر

رشکِ یوسف جو تھے جہاں میں حسین

کھا گئے ان کو آسمان و زمین

ہر گھڑی منقلب زمانہ ہے

یہی دنیا کا کارخانہ ہے

ہے نہ شیریں نہ کوہکن کا پتہ

نہ کسی جا ہے نل و دمن کا پتہ

بوئے الفت تمام پھیلی ہے

باقی اب قیس ہے نہ لیلیٰ ہے

۲۔ شمالی ہند میں اردو مثنوی کے ارتقاء پر مضمون لکھئے۔

۳۔ سحرالبیان کا شمار اردو کی نمائندہ مثنویات میں کیا جاتا ہے۔ تبصرہ کیجئے۔

۴۔ ''بکاولی'' کے کردار پر تبصرہ کیجئے۔

۵۔ ''گلزارنسیم'' کی زبان و بیان پر مضمون لکھئے۔

۶۔ میرؔ کی مثنوی نگاری کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۷۔ ''زہرِ عشق'' کے مرکزی کردار کی خصوصیات بیان کیجئے۔

۸۔ ذیل میں سے کوئی تین کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھئے:

(۱) تشبیہ

(۲) حسنِ تعلیل

(۳) تضاد

(۴) استعارہ

(۵) لف ونشر

(۶) کنایہ